## ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیر اہتمام ایم کیوایم کا 26 واں یوم تاسیس منایا گیا

### ساؤتھ افریقہ کے شہر ڈربن کے انٹرنیشنل ایگزیبشن سینٹر میں بڑا اجتماع منعقد کیا گیا، ایم کیوایم کے کارکنوں، ڈربن، جوہانسبرگ، پریٹوریا، پیٹرز برگ اور کیپ ٹاؤن میں آباد پاکستانیوں، افریقن نیشنل کانگریس کے مقامی رہنماؤں اور کارکنوں سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت

ڈربن .....8 اپریل 2010ء

ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیر اہتمام ایم کیوایم کا 26 واں یوم تاسیس منایا گیا۔اس سلسلے میں ساؤتھ افریقہ کے شہر ڈربن کے انٹرنیشنل ایگزیبشن سینٹر میں ایک بڑا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے کارکنوں اوران کے اہل خانہ کے علاوہ ڈربن، جوہانسبرگ، پریٹوریا، پیٹرز برگ اور کیپ ٹاؤن میں آباد پاکستانیوں نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔اجتماع میں ساؤتھ افریقہ کی حکمراں افریقن نیشنل کانگریس کے مقامی رہنماؤں، کارکنوں اور بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم ساتھ افریقہ کے جوائنٹ آرگنائزر محمد رشید نے کہا کہ پاکستان میں اقتدار کی میوزیکل چیئر کا کھیل جاری ہے، چند خاندان ہی چہرے بدل بدل کر ملک پر قابض ہیں جبکہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام آج بھی اپنے حقوق سے محروم ہیں اور مختلف مسائل کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب تک پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا اور ملک کی باگ ڈور مڈل کلاس کے پڑھے لکھے اور باصلاحیت افراد کے ہاتھوں میں نہیں ہوگی اس وقت تک ملک کو بحرانوں اور مسائل کی دلدل سے نکالا نہیں جاسکتا۔محمد رشید نے کہا کہ پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل صرف اورصرف ایم کیوایم کے پاس ہے جس کی قیادت غریب ومتوسط طبقہ کے باصلاحیت افراد پر مشتمل ہے۔انہوں نے کہا کہ پورے ملک کے عوام اب اس حقیقت کو سمجھ چکے ہیں کہ ایم کیوایم ہی ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے اوران کے مسائل کو حل کرسکتی ہے۔اجتماع سے اپنے خطاب میں افریقن نیشنل کانگریس کے صوبائی رہنما احمد آزاد سیدات نے ایم کیوایم کی قیادت کو پارٹی کے یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے جس طرح غریب اور نچلے طبقہ کے محروم عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے اور جس طرح غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اسمبلیوں میں پہنچایا ہے وہ قابل تعریف ہے۔اجتماع سے اپنے خطاب میں خاتون کارکن مسز نقوی نے تحریک کے اغراض ومقاصد اور جدوجہد پر روشنی ڈالی جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ساؤتھ افریقہ کے ذمہ دار جہانگیر پاشا نے فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کو بیان کیا۔جبکہ نظامت کے فرائض ڈربن یونٹ کے کارکن محمد توصیف نے انجام دیے۔اجتماع میں ساؤتھ افریقہ کے آرگنائزر انیس الحسن اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔اس موقع پر تحریکی ترانے بھی پیش کئے گئے۔

## کراچی کے دورے پر آئے ہوئے بھارتی صحافیوں کی ایم کیوایم کے مرکز پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔۔08/اپریل 2010

ان دنوں کراچی کے دورے پر آئے ہوئے بھارت کے قومی انگریزی اخبارات دی ہندواوردی ٹائمز آف انڈیا کے بیوروچیفس برائے نیودہلی SIDDHARTH VARADARAJAN اور MR.DIWAKAR نے بدھ کی شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے دفتر کا دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ روزنامہ جنگ کے گروپ ایڈیٹر محمود شام اور گروپ ڈائریکٹر شارخ بھی تھے۔اس سے قبل جب معزز مہمانان گرامی خورشید ہال پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، کنور خالد یونس، رضا ہارون اور اشفاق منگی کے علاوہ حق پرست صوبائی وزراء خالد بن ولایت، شیخ محمد افضل، صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن اور شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔وہ کچھ دیر تک وہاں موجود رہے اور متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں سے پاک بھارت تعلقات اور دوطرفہ سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا جبکہ معزز مہمانوں نے متحدہ قومی موومنٹ کی طرز سیاست، سیاسی کردار، اس کے سیاسی وسماجی کارناموں اور قائد تحریک الطاف حسین کے نظریئے، فکر، مقصد اور مشن کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے اس حوالے سے سوالات بھی کیئے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بھارت کے صحافیوں کو بتایا کہ ایم کیوایم پاکستان اور بھارت کے درمیان خوشگوار تعلقات اور تمام تنازعات بات چیت کے ذریعے حل کرنا چاہتی ہے، ایم کیوایم پاکستان میں بلاتفریق، رنگ ونسل وزبان، مذہب وقومیت تمام مظلوم ومحکوم عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے، ایم کیوایم نے پاکستان کی قومی سیاست اور دیرینہ مسائل کے حل میں بھی اپنا اہم اور کلیدی کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے آئین میں کی گئی حالیہ 18 ویں ترمیم اور این ایف سی ایواڈ کے نفاذ میں بھی ایم کیوایم کا اہم کردار ہے، ایم کیوایم پاکستان میں مکمل صوبائی خودمختاری کی حامی ہے۔ایم کیوایم نے ہی این ایف سی ایوارڈ کیلئے پہلی مرتبہ ملٹی پل کرائیٹ ایریا متعارف کرایا اوراسی پر پاکستان کے چاروں صوبوں نے عمل بھی کیا ہے۔علاوہ ازیں وفد کے ارکان نے متحدہ قومی موومنٹ کے کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کا تفصیلی دورہ بھی کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران نے انہیں خبروں کی مانیٹرنگ کے حوالے سے آگاہ کیا۔

## پنجاب کنونشن جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا،عبدالاحد

کراچی۔۔۔08/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد نے کہا ہے کہ پنجاب کنونشن جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا ایم کیوایم کی جدوجہد تیزی سے پروان چڑھ رہی ہے اور ملک بھر کے غریب،مزدوراورمحنت کش ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔یہ بات انہوں نے ناظم آباد سراج کالونی کے انٹرڈینوی نیشنل گرجا گھر میں ایسٹرسیلیبریشن 2010 کے سلسلے میں منعقدہ پروگرام سے خطاب کے دوران کہی۔پروگرام میں حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف اور کمیٹی ممبران نے شرکت کی۔عبدالاحد نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائدالطاف حسین کے پیغام امن اور بھائی چارے کی بدولت پورے پاکستان میں رہنے والے اقلیتی عوام جوق درجوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں کیونکہ ان کو یہ احساس ہوگیا ہے کہ مذہبی اقلیتوں کی واحد نمائندہ پارٹی اگرکوئی ہے تو وہ صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ ہی ہے جوانہیں مکمل تحفظ فراہم کرسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وہ دن دورنہیں جب ملک میں صحیح معنوں میں غریبوں کی حکمرانی ہوگی اورعوام کوان کے حقوق دلیز پرمیسر آئیں گے۔حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفہ نے کارکنان میں نئی روح پھونک دی ہےاوروہ اپنے قائد کے پیغام کوعام عوام تک پہنچانے میں ہمہ وقت مصروف ہیں۔آخر میں 2009 کے ایسٹر کے پروگرام کے موقع پرحق پرست صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی کی جانب سے اعلان کردہ نقد انعامات اورتعریفی اسناد نیواپاسٹک چرچ کے سربراہان میں تقسیم کی گئیں۔

## قائدتحریک الطاف حسین کا نظریہ غریب ومظلوم عوام کیلئے راہ نجات ہے،وسیم قریشی

کراچی۔۔۔08/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کیلئے راہ نجات ہے الطاف حسین مظلوم عوام کوان کے جائزحقوق دلانے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روزکراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی یونٹ کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں لیبرڈویژن کی سینٹرل کورآرڈنیشن کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین،کمیٹی کے ارکان تحسیم الحق (خرم)،کمال الدین،منظورشیخ،مرتضی حسین،محمد اسرائیل،رضوان احمد،اکرام خان،آصف سلیمان نے شرکت کی۔اس موقع پرکےای ایس سی یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔وسیم قریشی نے کہا کہ تمام کارکنان قائدتحریک الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق تنظیمی فرائض نظم وضبط کے دائرہ میں رہتے ہوئے ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ زبان اوررنگ ونسل سے بالاتر ہوکرتمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے محنت کشوں کے حقوق کی جود جہد کررہی ہے۔وسیم قریشی نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ کےای ایس سی کے افسران ومحنت کشوں سے نامناسب رویے میں تبدیلی لائے اورزیادتیوں کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم افسران ومحنت کشوں کیساتھ ہونے والی ناانصافی کے خلاف ہرفورم پرآواز اٹھائے گی۔آخر میں انہوں نے کےای ایس سی یونٹ کی تنظیم نو کا اعلان کرتے ہوئے نومنتخب ذمہ داران کومبارکباد پیش کی۔

## رکن رابطہ کمیٹی وسابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ جمیلہ خاتون کی فاتحہ سوئم بعدنماز جمعہ ہوگی

کراچی۔۔۔08/اپریل2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست سابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ جمیلہ خاتون مرحومہ کی فاتحہ سوئم 9اپریل بعدنماز جمعہ مسجداقصیٰ بلاک13 گلشن اقبال نزدسرسیدانجینئرنگ یونیورسٹی کراچی میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائیگی۔خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام مصطفیٰ کمال کی رہائشگاہ A-66 گلشن اقبال بلاک13 میں کیا گیا ہے۔

## زاہد قریشی اور ساجد قریشی کے والد محمد فاضل قریشی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے، نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی اور دیگر کی شرکت
## فاضل قریشی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا سوگواران سے اظہار افسوس

کراچی۔۔۔08 اپریل 2010ء

سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی زاہد قریشی اور سابق جنرل کونسلر نارتھ ناظم آباد ساجد قریشی کے والد فاضل قریشی طویل علالت کے بعد بدھ کی رات مقامی اسپتال میں انتقال کر گئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 76 سال تھی اور ان کے پسماندگان میں 9 بیٹیاں اور 4 بیٹے شامل ہیں، فاضل قریشی شدید علالت کے باعث مقامی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج تھے کہ بدھ کے رات ان کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی اور ڈاکٹرز کی تمام تر کوششوں کے باوجود جاں بر نہ ہو سکے اور خالق حقیقی سے جا ملے۔ دریں اثناء فاضل قریشی مرحوم کو جمعرات کے روز سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر الہدیٰ مسجد نارتھ ناظم آباد میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس، حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد علی شاہ، رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید، نارتھ ناظم ٹاؤن کے سابق بلدیاتی نمائندے، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست سابق رکن سندھ اسمبلی زاہد قریشی اور سابق جنرل کونسلر ساجد قریشی کے والد محمد فاضل قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ فاضل قریشی کے انتقال پر میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فاضل قریشی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین) مزید براں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بھی زاہد قریشی اور ساجد قریشی سے ان کے والد فاضل قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگواران کے لئے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## واٹر اینڈ سیوریج بورڈ یونٹ کے عہدیداران کی جوائنٹ ڈائریکٹر لیبر ساؤتھ سے ملاقات

کراچی۔۔۔08 اپریل 2010ء

متحدہ ورکرز فرنٹ کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے عہدیداروں نے گزشتہ روز جوائنٹ ڈائریکٹر لیبر ساؤتھ سے ملاقات کی اور ان کی توجہ ادارے میں گزشتہ 12 سال سے ریفرنڈم نہ کروانے کے باعث محنت کشوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کی جانب مبذول کرائی۔ انہوں نے ادارے میں فوری ریفرنڈم کے انعقاد پر زور دیا اور تحریری طور پر ادارے کے ہزاروں مزدوروں کی جانب سے ریفرنڈم کو چیلنج کرنے کی درخواست بھی جمع کروائی۔ اس موقع پر لیبر ڈائریکٹر نے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور محنت کشوں کیلئے متحدہ ورکرز فرنٹ کی جدوجہد کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ قانونی تقاضے پورے کر کے جتنی جلدی ہو سکے گا کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ میں ریفرنڈم کرا دیا جائے گا۔

## ایم کیو ایم برطانیہ کا سید مصطفیٰ کمال کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔08 اپریل 2010ء

ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سید مصطفیٰ کمال سمیت تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (امین)

## رابطہ کمیٹی کا فیصل خانزادہ سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔08/اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ ایسٹ لندن یونٹ کے انچارج فیصل خانزادہ کے ماموں ذوالفقار حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام سوگوار لوحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم برطاینہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و و ہمدردی کرتے ہوئے کہ دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں علیٰ مقام عطا فرمائے اور فیصل خانزادہ سمیت تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆